حَجُّ النِّسَاءِ

خواتین کا حج

عورت اگر خود مالدار ہو تو اس پر حج فرض ہے ورنہ نہیں

حدیث مسئلہ نمبر وضاحت :
36کے تحت ملاحظہ فرمائیں

خواتین پر حج فرض ہونے کے لئے مالی استطاعت کے علاوہ محرم کا ساتھ ہونا بھی شرط ہے۔

حدیث مسئلہ نمبر وضاحت :
37کے تحت ملاحظہ فرمائیں

کسی عورت کا غیر محرم مرد کو محرم بنا کر حج کرنا سنت سے ثابت نہیں

جس عورت کا خاوند فوت ہو جائے‘ اسے دوران عدت حج کا سفر کرنا منع ہے۔

حدیث مسئلہ نمبر وضاحت :
39کے تحت ملاحظہ فرمائیں

کسی عورت کا محرم کے بغیر خواتین کے گروپ میں شریک ہو کر حج کا سفر کرنا سنت سے ثابت نہیں

خواتین کو حج کا ثواب جہاد کے برابر ملتا ہے۔

حدیث مسئلہ نمبر7کے وضاحت :
تحت ملاحظہ فرمائیں

حج یا عمرہ کے لئے آنے والی خواتین کو احرام باندھنے کے لئے حالت حیض یا نفاس میں بھی غسل کرنا چاہئے بشرطیکہ بیماری کا خوف نہ ہو۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰہ عَنْہا قَالَتْ : نُفِسَتْ اَسَماۤءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ بِمُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ بَكْرٍ بِالشَّجَرَةِ فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰہ ا اَبَا بَكْرٍ يَامُرُہَا اَنْ تَغْتَسِلَ وَتُہِلَّ ۔ رَوَاہُ مُسْلِمٌ

حضرت عائشہr فرماتی ہیں کہ شجرہ کے مقام پر حضرت محمد بن ابو بکر صدیق t کی پیدائش کے باعث حضرت اسماء بنت عمیسr حالت نفاس میں تھیں۔ رسول اللہ e نے حضرت ابو بکر صدیق t کو حکم دیا کہ اسماء r (اپنی بیوی) سے کہیں غسل کر کے احرام باندھ لیں۔ اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

عورت حالت حیض میں طواف کے علاوہ باقی تمام ارکان حج ادا کر سکتی ہے۔

حدیث مسئلہ وضاحت :
نمبر155کے تحت ملاحظہ فرمائیں

عورت کا حالت احرام میں سر کے بالوں کو باندھنا یا احرام کے لئے خصوصی لباس سلوانا سنت سے ثابت نہیں

حالت احرام میں عورت کو ممکن حد تک پردے کا اہتمام کرنا چاہئے

حدیث مسئلہ وضاحت :
نمبر154کے تحت ملاحظہ فرمائیں

عورت کے لئے طواف قدوم میں رمل سنت سے ثابت نہیں

دوران سعی عورت کاملین اخضرین (سبز ستونوں) کے درمیان بھاگنا سنت سے ثابت نہیں

عورت کے لئے سارے سر کے بال کتروانا یا منڈوانا منع ہے اسے صرف دو انگلی کے برابر بال کتروانے چاہئیں

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ا: لَیْسَ عَلَی النِّسَاءِ الْحَلْقُ اِنَّمَا عَلَی النِّسَاءِ التَّقْصِیْرُرَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ (صحیح)

حضرت عبداللہ بن عباس w کہتے ہیں کہ رسول اللہ e نے فرمایا ”عورتیں سر نہ منڈوائیں بلکہ صرف بال کٹوائیں۔“ اسے ابو داؤد نے روایت کیا ہے۔

حج ادا کرنے والی حائضہ خواتین کو طواف وداع نہ کرنے کی رخصت ہے۔

حدیث مسئلہ وضاحت :
نمبر349کے تحت ملاحظہ فرمائیں

عورت کے لئے شوہر کی اجازت کے بغیر نفلی حج ادا کرنا منع ہے۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ ا فِیْ اِمْرَأَةٍ كَانَ لَا زَوْجٌ وَ لَا مَالٌ فَلاَ یَاْذَنُ لَا فِی الْحَجِّ قَالَ ((لَیْسَ لَہَا اَنْ تَنْطَلِقَ اِلاَّ بِاِذْنِ زَوْجِہَا)) رَوَاہُ الدَّارُ قُطْنِیُّ

حضرت عبداللہ بن عمرw رسول اللہ e سے اس عورت کے بارے میں روایت کرتے ہیں جس کا شوہر ہے اور عورت خود مالدار ہے۔ شوہر اسے (نفلی) حج کی اجازت نہیں دیتا‘ اس عورت کے بارے میں رسول اکرمe نے ارشاد فرمایا ”ایسی عو رت کو شوہر کی اجازت کے بغیر حج پر نہیں جانا چاہئے۔“ اسے دارقطنی نے روایت کیا ہے۔

zz